بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نگران
لئیق احمد منیر

ماھنامہ
# اخبار احمدیہ
مغربی جرمنی

کتابت مقصود الحق
معاونت
طاہر محمود کاہلوں

جلد 5
اپریل 1981
شمارہ 4


## جلسہ سالانہ پر آنے والے احباب سے نہایت ضروری گذارشات

1. جلسہ سالانہ پر آنے والے احباب سے گذارش ہے کہ وہ موسم کے مطابق اپنا بستر اپنے ساتھ لانا نہ بھولیں جسکی تاکید حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے خود بھی فرمائی ہے۔ حضور اشتہار 7 دسمبر 1892 میں فرماتے ہیں "اپنا سرمائی بستر لحاف وغیرہ بقدر ضرورت ساتھ لاویں"۔

2. اس ملک میں جلسہ سالانہ جیسا بڑا اجتماع متعدد ایسی ذمہ داریوں کو لیکر آتا ہے جن سے عہدہ برآ ہونا ضروری ہے احباب جو جلسہ سالانہ میں شمولیت کی غرض سے تشریف لائیں ان سے گزارش ہے کہ اس موقع پر مکمل تنظیم۔ اطاعت اور ڈسپلن کو ملحوظ خاطر رکھیں۔

3. رھایش کا انتظام مسجد اور احباب جماعت فرانکفورٹ کی رھایش گاہوں میں ہوگا مہمانوں کی آمد کے روز ان کو انکی رھائش گاہوں کیطرف راھنمائی کردی جائے گی۔ جلسہ کی رہائش میں گھر جیسا آرام ممکن نہیں اسلیے احباب سے امید ہے اس امر کو سمجھتے ہوئے کہ للّٰہی تکلیف اٹھا کر خدا کی باتیں سننے جا رہے ہیں اس تنگی کو برداشت کریں گے

بقیہ اگلے صفحہ پر

## آپ جلسہ پر کیوں آرہے ہیں

### حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کی روشنی میں

آپ جلسہ سالانہ پر اسلیے آرہے ہیں تاکہ:

1- ایسے حقائق اور معارف سنیں جو ایمان اور یقین اور معرفت کی ترقی دینے کیلئے ضروری ہیں۔

2- طلب علم اور مشورہ امداد اسلام اور ملاقات اخوان کے مواقع مہیا ہوں۔

3- آپ میں سے ہر ایک کو بالمواجہ دینی [illegible] کا موقعہ ملے اور آپکے معلومات دینی وسیع ہوں اور معرفت ترقی پذیر ہو۔

4- جسقدر نئے بھائی اس جماعت میں گذشتہ سال داخل ہوئے ہیں پرانے بھائی انکا منہ دیکھ لیں اور روشناس ہوکر رشتہ تودد اور تعارف ترقی پذیر ہو۔

5- (خلیفہ وقت کی طرف سے) دوستوں کیلئے خاص دعائیں اور خاص توجہ ہو اور حتی الوسع بدرگاہ ارحم الراحمین کوشش کی جائے کہ خدا تعالیٰ انہیں اپنی طرف کھینچے اور اپنے [illegible]

بقیہ اگلے صفحہ پر



History of AMJ Deutschland
تاریخ احمدیت جرمنی
Nr.:...................

4۔ کھانے کا انتظام جو جماعت کی طرف سے کیا جائیگا وہ جمعہ 17 اپریل کی شام سے 20 اپریل صبح ناشتہ تک ہوگا۔ کھانے کے اوقات جو مسجد میں نمایاں طور پر تحریر کر دیے جائینگے اور جن کا اعلان بھی کر دیا جائیگا کی پابندی دوست ضرور فرمائیں۔ کھانے کا انتظام مسجد کی عقبی گراؤنڈ میں ہوگا۔ سب دوستوں سے خصوصی درخواست ہے کہ کھانے کے دوران اسلامی آداب کا خاص طور پر خیال رکھیں کیونکہ مسجد کے تینوں جانب میں پڑوسی رہتے ہیں جو خاص طور پر آپکو دیکھیں گے اسلیے ایسے آداب کا اظہار کریں جس سے اسلام کی صحیح تصویر ان کو نظر آئے۔

5۔ مسجد اور جلسہ گاہ ہر دو مقامات پر اپنی گفتگو اور آواز پر ایسا کنٹرول رکھیں کہ ہمسائے اور اردگرد کا ماحول اس سے برا اثر نہ لے مسجد کے باہر فٹ پاتھ پر دوست اژدھام کر کے راستہ نہ روکیں نہ ہی وہاں سگریٹ نوشی کریں۔ اس اجتماع کو صحیح مسلمانوں کا اجتماع نظر آنا چاہیے۔

6۔ جھگڑا تو ہر حال میں ناپسندیدہ ہے۔ بالخصوص ایسے اجتماعات میں جھگڑے نہایت سنگین نتائج لیکر آتے ہیں دوست یاد رکھیں کہ حج جیسے عظیم مذہبی اجتماع میں قرآن کریم کی تعلیم ہے

فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوقَ وَلَا جِدَالَ

یعنی حج کے ایام میں نہ تو کوئی شہوت کی بات نہ کوئی نافرمانی اور نہ کسی قسم کا جھگڑا کرنا جائز ہوگا۔

احباب اپنے اس جلسہ میں مندرجہ بالا قرآنی تعلیم کو مدنظر رکھیں۔

7۔ انتظامی دشواریوں کی بناء پر کھانے کا انتظام جلسہ گاہ میں ہونا ممکن نہیں تھا کیونکہ انتظامیہ کیطرف سے اسکی اجازت نہیں اسلیے کھانے کا انتظام مسجد کے احاطہ میں ہی ہوگا جبکہ جلسہ گاہ ہال میں ہوگی۔

پہلے روز احباب دوپہر کا کھانا مسجد میں تناول فرما کر جلسہ گاہ کو روانہ ہوں گے اور شام کا کھانا جلسہ سے فارغ ہوکر واپس آکر کھائینگے۔

دوسرے روز چونکہ درمیانی وقفہ کے دوران کھانے کی غرض سے واپس آنا ممکن نہیں اس لئے یہ صورت اختیار کی گئی ہے کہ دونوں اجلاس چھوٹے درمیانی وقفہ کے ساتھ ختم کر کے

بقیہ اگلے صفحہ پر

(آپ جلسہ پر کیوں آرہے ہیں؟)

کرے اور پاک تبدیلی ان میں بخشے۔

6۔ اپنے مولیٰ کریم اور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت دلوں پر غالب آجائے اور ایسی حالت انقطاع پیدا ہو جائے جس سے سفر آخرت مکروہ معلوم نہ ہو۔

7۔ جو بھائی اس عرصہ میں سرائے فانی سے انتقال کر گیا ہو اس جلسہ میں اسکے لئے دعائے مغفرت کی جائے۔

8 (خلیفہ وقت کیطرف سے) تمام بھائیوں کو روحانی طور پر ایک کرنے کیلیے اور خشکی اور نفاق اور اجنبیت کو درمیان سے اٹھا دینے کیلیے بدرگاہ رب العزت کوشش کیجائے۔

9۔ اسلیے آپکو چاہیے کہ آپ

"اس جلسہ کو معمولی جلسوں کیطرح خیال نہ کریں یہ وہ امر ہے جسکی خالص تائید حق اور اعلائے کلمہ اسلام پر بنیاد ہے۔ اس سلسلہ کی بنیادی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے اسکے لئے قومیں تیار کی ہیں جو عنقریب اس میں آملیں گی کیونکہ یہ اس قادر خدا کا فعل ہے جسکے آگے کوئی بات انہونی نہیں۔"

(اشتہار 7 دسمبر 1892ء)

واپس مسجد آکر احباب کھانا کھائینگے ۔ اس مختصر وقفہ کے دوران احباب ہال کی کینٹین سے ریفریشمنٹ حاصل کر سکیں گے ۔ (ذاتی خرچ پر)
اس سلسلہ میں فیملیز سے خصوصی درخواست ہے کہ چونکہ دوسرے روز لمبے عرصہ تک جلسہ گاہ میں رہنا ہوگا اسلئے اپنے بچوں کیلئے دودھ
اور دیگر ضروری چیزیں ہمراہ لائیں ۔


8 ۔ مسجد سے جلسہ گاہ پہونچنے اور اسیطرح واپس آنے کی غرض سے بسیں اور ٹرامیں استعمال کی جائیں اس سلسلہ میں انتظام
استقبال آپکی راہنمائی کریگا ۔ بسوں اور ٹراموں کے ٹکٹ احباب از خود حاصل کرینگے ۔


9 ۔ جلسہ کا اجلاس اول غیر پاکستانی احباب کو مدنظر رکھ کر بنایا گیا ہے اس دوران صبر اور خاموشی سے تقاریر سنیں ۔ تقاریر
کا خلاصہ اردو میں سنانے کا انتظام کیا جائیگا ۔

## Haus Gallus

# جلسہ گاہ اور وہاں پہنچنے کا طریق

Haus Gallus
Frankenallee 111
6000 Frankfurt am Main 1
Telefon 733026
Telefon Gaststätte 73 40 10








تفصیل اگلے صفحہ پر

امسال مسجد میں جگہ کی تنگی کے باعث جلسہ کا انعقاد مسجد میں نہیں ہوگا بلکہ شہر میں ایک ہال HAUS GALLUS اس مقصد کیلئے حاصل کیا گیا ہے۔ جسکا ایڈریس اور نقشہ پچھلے صفحہ پر دید یا گیا ہے۔ مسجد اور ریلوے سٹیشن سے جلسہ گاہ پہونچنے کا طریق بذریعہ پبلک ٹرانسپورٹ درج ذیل ہے۔

1 مسجد سے بذریعہ بس نمبر 36 سے اسٹاپ
BÖRNE PLATZ, ALLGEMEINE ORTSKRANKENKASSE, STADTWERKE.
پر اتر جائیں جہاں سے ٹرام نمبر 14 جو MONCH HOF STR. کی سمت میں جارہی ہوتی ہیں اور سٹاپ GALLUS WARTE پر اتر جائیں۔ جہاں سے جلسہ گاہ HAUS GALLUS بالکل قریب ہے پیچھے دیئے گئے نقشہ کے مطابق چلیں


لیکن

2. ریلوے اسٹیشن (HAUPT BAHN HOF) سے جلسہ گاہ پہونچنے کیلئے بذریعہ S-BAHN جو HAUPT WACHE کی سمت میں جارہی ہیں۔ آپ نے اس سے مخالف سمت میں بذریعہ S5, S6, یا S4 سفر کریں اور اسٹیشن سے اگلے ہی سٹاپ GALLUS WARTE پر اتر جائیں جہاں سے جلسہ گاہ HAUS GALLUS نقشہ کے مطابق پہنچیں۔

## ریلوے اسٹیشن سے مسجد پہونچنے کا طریق

ریلوے اسٹیشن سے باہر BAHN BUS کا اڈہ ہے جہاں سے بس نمبر 973 کے ذریعہ سفر کرکے اور اسٹاپ SACHSEN HÄUSER WARTE پر اتر جائیں جہاں سے مسجد بالکل قریب ہے۔

**AUTO BAHN** سے مسجد کیلئے OFFENBACH SÜD کا AUSFAHRT لیں اور باہر نکلتے ہی ایک گول چوک ملے گا جس میں دائیں طرف پہلی سڑک چھوڑ کر دوسری سڑک سے دائیں مڑ جائیں جو سیدھی مسجد لے آئے گی۔ درج ذیل نقشہ کے مطابق چلیں



## جلسہ سالانہ کا افتتاح اور مہمانانِ خصوصی:

جیسا کہ احباب جماعت کو قبل ازیں اس بارہ میں اطلاع دی جا چکی ہے کہ انشاء اللہ العزیز امسال جلسہ سالانہ کا افتتاح عزت مآب محمد اسمعیل یعقوب 'سفیر گھانا' مقیم مغربی جرمنی فرمائیں گے۔ چونکہ معزز مہمان بون سے تشریف لائیں گے اور معین وقت پر جلسہ گاہ میں پہنچ جائیں گے اس لئے تمام احباب سے درخواست ہے کہ جلسہ گاہ میں پہنچنے کیلئے وقت کی پابندی فرمائیں۔ اور وہاں منتظمین سے تعاون کرتے ہوئے مہمان خصوصی کی آمد سے قبل اپنی اپنی نشستوں پر تشریف رکھیں۔ تا ایسا نہ ہو کہ جب معزز مہمان پہنچیں تو احباب ہال سے باہر منتشر حالت میں پھر رہے ہوں۔

ہمارے دوسرے مہمان خصوصی مکرم عبد العزیز مرحاضن ہیں جو ہالینڈ سے تشریف لا رہے ہیں اور آپ اجلاس اوّل میں ہی خطاب فرمائیں گے۔

تیسرے مہمان خصوصی مکرم میر مسعود احمد صاحب مبلغ انچارج ڈنمارک مشن ہیں جو جلسہ سالانہ کا اختتامی خطاب فرمائیں گے۔

---

## تمام اراکین مجلس انصار اللہ مغربی جرمنی توجہ فرمائیں

### خصوصی اطلاع

اراکین انصار اللہ جو مغربی جرمنی کے متفرق علاقوں میں مقیم ہیں کو اس اعلان کے ذریعہ مطلع کیا جاتا ہے کہ صدر مجلس انصار اللہ مرکزیہ کے نمائندۂ خصوصی مکرم حمید اللہ چوہدری صاحب نائب صدر انصار اللہ مرکزیہ اراکین مجلس انصار اللہ مغربی جرمنی سے رابطہ کرنے کی غرض سے مؤرخہ 5 مئی بروز منگل فرانکفورٹ پہنچ رہے ہیں۔ مؤرخہ 6 مئی بروز بدھ تمام اراکین انصار اللہ مغربی جرمنی فرانکفورٹ پہنچنے کی کوشش کریں۔ تا کہ مکرم چوہدری صاحب ان کو ہدایات دے سکیں۔ اس غرض کیلئے ابھی سے 6 مئی بروز بدھ کی رخصت اپنے اپنے کام کی جگہ سے حاصل کر لیں۔ تفصیلی پروگرام تشکیل دے کر ارسال کر دیا جائیگا۔ انشاء اللہ۔

# پروگرام جلسہ سالانہ مغربی جرمنی

## بروز ہفتہ اتوار مورخہ 18 - 19 - اپریل سنہ 1981

## اجلاس اوّل اٹھارہ اپریل بروز ہفتہ

2.30 - 3.00 تلاوت و نظم

3.00 - 3.30 پیغامات و تعارف صدر محترم و مہمان خصوصی

3.30 - 4.00 'افتتاح'

از عزت مآب عمانوئیل عمالیعقوبا سفیر غانا

4.00 4.15 'جلسہ سالانہ ربوہ و قادیان کے تجربات'

(جرمن) از عبداللہ واگس ھاؤزر

4.15 - 4.45 'نیدرلینڈ میں اسلام کا ماضی و مستقبل' (انگریزی)

از عبدالعزیز فرحاخن (مہمان خصوصی از ھالینڈ)

4.45 - 5.00 'اسلام میں روزمرہ کی زندگی کے اصول' (انگریزی)

از ھدایت اللہ ہبش

5.00 5.15 'ھستی باری تعالےٰ' (انگریزی)

از مبارک احمد اوسائی

5.1[illegible] حرف آخر و اعلانات

(متذکرہ بالا تقاریر کا اردو خلاصہ بھی سنانے کا انتظام ہوگا)

اجلاس اول کے اختتام کے بعد احباب کھانا اور نماز کی غرض سے مسجد نور جائینگے جہاں سے بعد از فراغت انتظام رھائش کے تحت اپنی رھائش گاہوں کو جانے کیلئے انکی راہنمائی کی جائے گی۔

| | |
|---|---|
| کھانا | 7 بجے شام |
| نماز مغرب و عشاء | 9 بجے رات |

## اجلاس دوم 19 اپریل بروز اتوار

10.00 - 10.30 تلاوت و نظم

10.30 - 10.40 'حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی پیشگوئیاں'

از نعیم احمد صاحب صدر جماعت باننگن

10.40 - 10.50 'اسلام کا غلبہ احمدیت کے ذریعے مقدر ہے'

از مختار احمد صاحب ھمبرگ

10.50 - 11.00 'سیرۃ اصحاب حضرت مسیح موعود علیہ السلام'

از منیر احمد صاحب باجوہ قائد خدام الاحمدیہ ہمبرگ

11.00 - 11.10 'اسلامی آداب معاشرہ'

از عبدالرحیم احمد صاحب صدر جماعت راؤسے

11.10 - 11.20 'آنحضرت صلعم کا اپنے دشمنوں سے عفو'

از محمد ریاض سیفی صاحب صدر جماعت نیورن برگ

11.20 - 11.30 'ذکر حبیب'

از کوثر احمد باجوہ صاحب نیورن برگ

11.30 - 11.40 'خلافت کی برکات'

از محمد اسلم شاد صاحب فرانکفورٹ

11.40 - 12.10 وقفہ

## اجلاس سوم

12.10 - 12.30 تلاوت و نظم

12.30 1.00 سیرۃ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم

از لئیق احمد منیر صاحب مبلغ سلسلہ ہمبرگ

1.00 - 1.30 پندرھویں صدی کا آغاز اور ہماری ذمہ داریاں

از منصور احمد خان صاحب مشنری انچارج فرانکفورٹ

1.30 - 2.15 اختتامی خطاب و دعا

از مکرم میر مسعود احمد صاحب انچارج احمدیہ مشن ڈنمارک